اخبار الجامعه

1 ...... 10 اپریل 2005 بروز اتوار جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان کے چار ماہی امتحان جامعہ ھذا کے مایہ ناز اساتذہ کرام وشیوخ عظام کے زیر نگرانی پایہ تکمیل کو پہنچا۔

2 ...... 20 اپریل 2005 بروز بدھ جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان میں دوسری عظیم علمی تحقیقی سیرت کانفرنس کا انعقاد ہوا۔ جس میں عالمی سطح کے نامور مندوبین و محققین حضرات نے شرکت فرمائی۔ حاضرین نے المرکز کے تعلیمی، رفاہی، سماجی، خیراتی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

3 ...... یکم مئی 2005 بروز اتوار جامعہ ھذا کے چار ماہی امتحانات کے نتیجہ کے سلسلہ میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوا، جس میں طلباء کرام کی حوصلہ افزائی کیلئے نقد انعامات کے ساتھ ساتھ قیمتی کتب کے تحفہ بطور انعام مقرر کر دئے گئے۔ جامعہ کے سطح پر پہلی پوزیشن حاصل کرنے والا طالب العلم عارف علی شاہ ولد قاری شیر دار علی شاہ سکنہ ترخیوالہ بنوں تھے۔ دوسری پوزیشن طالب العلم حفیظ اللہ بن مولوی عبد الغفور سکنہ کوٹ آزاد غوریوالہ بنوں درجہ موقوف علیہ نے حاصل کی۔ اور تیسری پوزیشن لینے والے طالب العلم کا نام محمد ناموس ولد شیر خان سکنہ آدم زئی تجوڑی ضلع لکی مروت تھا۔ جامعہ کے اساتذہ کرام اور شیوخ عظام نے اپنے مبارک ہاتھوں سے ان طلباء کی دلجوئی فرماتے ہوئے انعامات دیئے۔

4 ...... جامعہ کے بانی و مہتمم حضرت مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمی (ایم این اے) کی انڈیا کے عظیم آٹھواں فقہی اجتماع ہند میں شرکت سے واپسی پر جامعہ میں طلباء کرام و حاظرین مجلس سے خطاب فرما کر تفصیلی بیان فرمائی۔ اور پورے پاکستان کی سطح پر اس اجتماع میں شرکت کرنے کی سعادت حاصل ہونے پر خداوند کریم کا شکریہ اداء کیا۔

5 ...... جامعۃ المرکز الاسلامی پاکستان کو یونیورسٹی کا درجہ دینے کیلئے ہائیر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد اور پشاور نے جامعہ کا با قاعدہ معائنہ کیا اور با قاعدہ رپورٹ تیار کر کے حکومت کو پیش کیا۔ جس میں متعدد یونیورسٹیوں کے ڈائریکٹرز اور پروفیسرز حضرات شریک تھے انہوں نے المرکز کا معائنہ کر کے جامعہ کے خدمات کو سراہا۔

6 ...... قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن صاحب جامعہ ہذا تشریف لائے اور رئیس الجامعہ سے طویل ملاقات کی۔ چونکہ اتوار کے دن تشریف لائے تھے اور ہر اتوار کو رئیس المرکز (ایم این اے) کی عوام الناس کیلئے المرکز کے جامع مسجد میں کھلی کچہری لگتی ہے۔ اور بنوں کے عوام الناس کی مسائل سن کر حل کرنے کی منصوبہ بندی کرتے ہیں۔

قائد جمعیت نے فرمایا کہ ضروری کام کیلئے آیا ہوں ورنہ کھلی کچہری جو عوام کی حق ہے، سے محترم ایم این اے صاحب کا وقت نہ لیتا۔ موجود کثیر تعداد میں جمع لوگوں نے حضرت قائد محترم سے والہانہ عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے ہر کسی کے زبان پر یہ الفاظ تھے ''آپ صاحبان کی ملاقات ہمارے سب مسائل حل ہونے سے زیادہ اہم ہے''۔ (ترتیب: قاری ثناء اللہ مسئول المراکز جامعہ ہذا)